15-08-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......وزیراعلی ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں کریڈائی پراپرٹی شو کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاست کی ترقی میں رئیل اسٹیٹ۔تعمیراتی شعبہ کا اہم رول ہے۔

......ورنگل ضلع میں یوم آزادی تقریب منعقد کی گئی۔اس تقریب میں ریاستی وزیر ریونیو پونگلیٹی سرینواس ریڈی نے شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت تلنگانہ میں ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کے لئے آگے بڑھ رہی ہے۔

......سدی پیٹ کے رکن اسمبلی ہریش راو نے کانگریس حکومت پر تنقید کی کانگریس حکومت پر عوام پر ٹیکس عائد کرنے کا لگایا الزا۔

......سنگارینی میں کوئلہ کی پیداوار میں سوملین ٹن پیداوار کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔سنگارینی کے سی ایم ڈی بلارام کا بیان۔

......ریاست کے مختلف اضلاع میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔آج میدک۔کاماریڈی۔محبوب آباد۔نظام آباد۔اضلاع میں مختلف مقامات پر بارش ہوئی۔

CM - CREDAI

وزیراعلی ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں کریڈائی پراپرٹی شو کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاست کی ترقی میں رئیل اسٹیٹ۔تعمیراتی شعبہ کا اہم رول ہے۔حکومت شفافیت کے ساتھ سرمایہ کاروں کو ریاست میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کر رہی ہے۔

Sound byte

وزیراعلی نے مزید کہا کہ ریاست میں میٹرو کی عدم توسیع کی وجہ سے حیدرآباد میں ٹریفک کا مسئلہ پایا جا رہا ہے۔شاہ میر پیٹ۔میڑچل۔تک میٹرو ریل کی توسیع کے لئے حکومت کوشش کر رہی ہے۔میٹرو۔موسی۔ریجنل رنگ روڈ۔پراجکٹوں کے لئے مرکز سے اجازت طلب کی گئی ہے۔

CM

ملک کی 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر وزیراعلی ریونت ریڈی نے قلعہ گولکنڈہ پر قومی پرچم کو لہرا۔اس موقع پر وزیراعلی نے پولیس پریڈ کی سلامی لی۔اور وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ موسی ندی کی بحالی سے لے کر دیہی علاقوں میں زراعت کی ترقی اور مختلف شعبوں میں ترقی کے لئے ریاستی حکومت ایک واضح ویژن کے ساتھ ماسٹر پلان کو قطعیت دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کرشنا۔گوداوری ندی کے پانی میں ریاست کا حصہ حاصل کرنے کے لئے حکومت پابند عہد ہے۔وزیراعلی ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ ملک کی ترقی میں ریاست تلنگانہ ایک اہم کردار ادا کرے گی۔غریبوں کو اندراماں مکانات۔راشن کارڈ کی فراہمی۔اور دیگر فلاحی اسکیموں کا بھی تذکر کیا ہے۔جبکہ یوم آزادی

کے موقع پر ریاستی ہائی کورٹ ۔اسمبلی ۔قانون ساز کونسل ۔سکریٹریٹ ۔تعلیمی اداروں اور دیگر سیاسی جماعتوں کے دفاتر میں قومی پرچم کو لہرایا گیا۔

WARANGAL PONGOLETI

ورنگل ضلع میں یوم آزادی تقریب منعقد کی گئی۔اس تقریب میں ریاستی وزیر ریونیو پونگلیٹی سرینواس ریڈی نے شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے ضلع میں انجام دیئے جانے والے ترقیاتی کاموں اور حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والی مختلف اسکیمات پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت تلنگانہ میں ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کے لئے آگے بڑھ رہی ہے۔

SITTAKKA MULGU

ریاستی وزیر سیتا اکا نے ملگو کے تنگیڑ و میدان میں قومی پرچم کو لہرایا۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت عوام کی ترقی کے لئے کئی ایک اسکیمات کو نافذ کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آنے والے میڈارام جاترا کے لئے تمام انتظامات کئے جا رہے ہیں۔تاکہ عوام کو کوئی مشکل نہ ہو سکے۔

Sound byte

MINISTER ADLURI JAGTIYAL

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن نے کہا کہ غریبوں کی فلاح و بہبود کے اسکیمات کی عمل آوری میں ملک بھر میں تلنگانہ کو اول مقام حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ جگتیال ضلع میں 80 ہزار 515 کسانوں کے 721.74 کروڑ روپئے قرض معافی کی گئی ہے۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزانفارمیشن ٹکنالوجی سریدھر بابو نے کریم نگر ضلع پولیس ہیڈ کوارٹر میں قومی پرچم کو لہرایا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت 25.35 لاکھ کسانوں کے 20 ہزار 616 کروڑ روپئے قرض معاف کرتے ہوئے ملک بھر میں ایک ریکارڈ قائم کیا ہے۔

SINGARINI CMD

ملک اور ریاست کی ترقی میں سنگارینی اہم رول ادا کر رہی ہے۔سنگارینی کے سی ایم ڈی این بالارام نے یہ بات کہی۔ملک کی آزادی کی تقریب کے موقع پر انہوں نے سنگارینی کے ملازمین اور عہدیداروں کو مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ ادارے کو مزید مضبوط بنانے کے لئے کوئلہ کی پیداوار میں بہت جلد سو ملین ٹن تک اضافہ کیا جائے گا۔اس کے لئے ایک نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ تھرمل برقی پیداوار 3000 میگا واٹ۔اور سولار برقی پیداوار 5000 میگا واٹ تک اضافی کے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

SIDDPET HARISH RAO CONG

سدی پیٹ کے رکن اسمبلی ہریش راو نے کانگریس حکومت پر تنقید کی۔انہوں نے سدی پیٹ کے اپنے کیمپ آفس میں میڈیا سے بات کرتے

ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت عوام پر ٹیکس کا بوجھ عائد کر رہی ہے۔حکومت عوام سے کیئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ ٹرنسپورٹ میں دو مہینے میں ٹیکسوں میں اضافہ کرتے ہوئے عوام پر دو ہزار کروڑ روپیوں کا بوجھ عائد کیا گیا ہے۔ انہوں نے ان ٹیکسوں کو فوری طور پر ہٹانے حکومت سے مطالبہ کیا۔

WEATHER

ریاست کے مختلف اضلاع میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔آج میدک۔کاماریڈی۔محبوب آباد۔نظام آباد۔اضلاع میں مختلف مقامات پر بارش ہوئی۔سنگاریڈی۔کھمم۔میں بھاری بارش ہوئی ہے۔محکمہ موسمیات نے اس کا انکشاف کیا۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ کل بھوپالا پلی۔کریم نگر۔کمر بھیم آصف آباد۔محبوب آباد۔منچریال۔اور دیگر اضلاع میں یکہ دوکا مقامات پر بھاری بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے اور اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔جبکہ بھدرادری کتہ گوڑم۔ہنمکنڈہ۔سنگاریڈی۔وقارآباد۔کے مختلف مقامات پر بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔اور ایلو الرٹ جاری کیا گیا۔

MEDAK MINISTER VIVEK

میدک ضلع انچارج وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے میدک کے پولیس پریڈ گراونڈ میں یوم آزادی کے موقع پر قومی پرچم کو لہرایا۔اس موقع پر انہوں نے بہترین خدمات انجام دینے والے سرکاری عہدیداروں اور ملازمین میں ایوارڈس بھی تقسیم کیئے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ رائزنگ 2047 ویژن کے ساتھ حکومت آگے بڑھ رہی ہے۔

KHAMMAM DY CM

یوم آزادی کے موقع پر تلنگانہ کے نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کھمم پولیس گراونڈ میں قومی پرچم کو لہرایا۔اس موقع پر نائب وزیر اعلی نے عوام سے خطاب بھی کیا۔جبکہ ضلع کے مختلف سیاسی دفاتر۔مختلف منڈلوں اور اسکولوں میں بھی یوم آزادی کی تقریبات منائی گئیں۔

SANGA RADDY RAJA NARSIMHA

سنگاریڈی ضلع کے پولیس پریڈ میدان میں وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا نے قومی پرچم کو لہرایا۔اور ضلع میں ہونے والے ترقیاتی کاموں پر روشنی ڈالی۔اس موقع پر انہوں نے وزارت داخلہ کے موبائل فارنسک ویان۔کلوز ٹیم۔گاڑیوں کا بھی آغاز کیا۔

JANGAON VIHP AIALYIA

جنگاوں ضلع میں منعقدہ یوم آزادی کی تقریباً میں گورنمنٹ وہپ بی ایلیا نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔اور ضلع میں ہونے والے ترقیاتی کاموں پر روشنی ڈالی۔اور بہترین خدمات انجام دینے والے اساتذہ میں ایوارڈس تقسیم کیئے۔

PEDDA PALLY FINANCE CORP CHAIRMAN

پدا پلی میں یوم آزادی کی تقریب منعقد کی گئی۔میناریٹی فینانس کارپوریشن کے چیرمین عبیداللہ کوتوال نے اس تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ایس سی زمرہ بندی اور بی سی طبقے کے لئے 42 فیصد تحفظات کے ذریعہ حکومت سماجی تلنگانہ کے لئے کوشش کر رہی

ہے۔

MEHBOOBAD VIHP RAMACHANDRU

محبوب آباد ضلع میں یوم آزادی تقریب کا انعقاد عمل میں آیا۔ گورنمنٹ وہپ راماچندرو نائک نے قومی پرچم کو لہرایا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے کام کررہی ہے۔ کسانوں کے قرضہ جات کی معافی ۔ رعیّتو بھروسہ۔ باریک چاول کے لئے بونس کی فراہمی ۔ اور دیگر اسکیموں کو روبہ عمل لایا جارہا ہے۔

NIZAMABAD DAY

نظام آباد ضلع پولیس گراونڈ میں یوم آزادی تقریب کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ ریاستی وزیر پسماندہ طبقات کمیشن کے چیرمین ایس نرنجن نے اس تقریب میں شرکت کی اور قومی پرچم کو لہرایا۔۰۰

YADADRI SUREKHA

یدادری بھونگیر ضلع یادگیری گٹہ لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں ریاستی وزیر انڈومنٹ کونڈہ سریکھا ۔ گورنمنٹ وہپ بی ایلیا ۔ رکن قانون ساز کونسل تین مار ملنا ۔ نے آج یادگیری پندرہ روزہ اخبار ۔ ای آفس ۔ گروڈا سیوا ۔ ٹرسٹ کا آغاز کیا۔ اس موقع پر مندر کے پجاریوں نے ان کا استقبال کیا۔

KONDA SUREKHA HANAMKONDA

ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے ہنمکنڈہ ضلع میں یوم آزادی کی تقریب میں شرکت کی ۔ اس موقع پر انہوں نے حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والے مختلف اسکیموں پر روشنی ڈالی ۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت عوام کے خواہشات کے مطابق غریبوں کی ترقی کے لئے کام کررہی ہے ۔ اور چھ گیارنٹیوں کو پورا کرنے کی کوشش کررہی ہے۔

NALGONDA KOMAT REDDY

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ نلگنڈہ شہر کو ریاست میں ایک بہترین شہر کے طور پر ترقی دی جائے گی ۔ انہوں نے نلگنڈہ شہر کے سینٹ الفونسیس اسکول کے قریب آٹھ کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے فٹ اوور برج کا سنگ بنیاد رکھا۔

BJP SANJAY- RAM CHANDAR RAO

یوم آزادی کی تقریب حیدر آباد بی جے پی کے دفتر میں بڑے پیانے پر منائی گئی ۔ پارٹی کے ریاستی صدر این رامچند رراو نے قومی پرچم لہرایا۔ اور ملک کی آزادی کے لئے جانوں کی قربانی دینے والے مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کیا ۔ اس تقریب میں بطور مہمان خصوصی مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے شرکت کی ۔ اس موقع پر بنڈی سنجے نے کہا کہ ہندوستان دنیا بھر میں چوتھی بڑی معیشت کے طور پر ابھر رہا ہے۔ لیکن بعض ممالک ایک سازش کے تحت ٹیکس میں اضافہ کررہے ہیں لیکن ہندوستان اس سے نہیں گھبرائے گا۔